ناک کے قطرے

کیسے

استعمال کیے جائیں



ریکٹل سپوزٹریز
ادوِیاتی ماؤتھ واش
ناک کے قطرے
آنکھ کے لیپ
کان کے قطرے

Drug Office
Department of Health

ممکنہ ضمنی اثرات

ناک کے قطرے استعمال کرنے کے فورا بعد ہی، آپ کو ہلکے ضمنی اثرات جیسے خُشکی، ارتعاش یا ناک میں جلن کا تجربہ ہوسکتا ہے۔ کچھ ناک کے قطرے آپ کے منہ میں ناگوار ذائقہ چھوڑ سکتے ہیں۔ اپنے منہ سے کُلی کر کے آپ کو اس سے نجات میں مدد ملے گی۔

فوراً اپنے ڈاکٹر سے رُجوع کریں اگر آپ کو الرجی کا کوئی سامنا ہو جیسے جِلد کی خارش، چہرے یا ہاتھوں میں سوجن اور سانس لینے میں دُشواری محسوس ہو۔

سٹوریج

طور پر، ریفریجریٹر میں محفوظ کرنے کی ضرورت نہیں جب تک ادوِیات کے لیبل پر بیان نہ کیا جائے۔

دواؤں کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں تاکہ ان کی حادثاتی طور پر غذا خوری سے بچا جا سکے۔

ناک کے وہ قطرے تلف کر دیں جن کی حد میعاد ختم ہوگئی ہے یا اب ان کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ معلُوماتی کتابچہ محض حوالہ کے لِیے ہے۔
ڈاکٹروں اور فارمسسٹ کی ہِدایت کے مُطابق ادوِیات کا اِستعمال کیا جانا چاہیے۔
تفتیش کے لیے، براہِ مہربانی اپنے ڈاکٹر، ڈِسپنسری عملہ یا دِیگر صحت سے مُتعلق پیشہ ور افراد سے رابطہ کریں۔
اپنی ادوِیات کی دُوسروں کے ساتھ شراکت نہ کریں۔

نکات برائے استعمال

- اگر ضروری ہو تو، اپنے کنبے کے ممبران یا کسی اور سے آپ کو ناک کے قطرے ڈالنے کو کہیں۔
- ناک کے قطرے استعمال کرنے کے فوراً بعد چھینکنے یا ناک سے ہوا باہر نکالنے سے گریز کریں۔
- تجویز کردہ مقدار سے زیادہ استعمال نہ کریں کیونکہ اس کے ضمنی مضر اثرات پیدا ہوسکتے ہیں۔
- خراب رنگت، خراب یا ختم ہونے والے ناک کے قطرے کبھی استعمال نہ کریں۔

ناک کے قطرے
کیسے استعمال کیے جائیں

1 ناک کے قطرے استعمال کرنے سے پہلے اپنے نتھنے صاف کرنے کے لیے ناک سے آہستگی سے ہوا باہر نکلایں۔

2 پنے ہاتھوں کو صابن سے اچھی طرح دھوئیں۔

3 بوتل کے ڈھکن کو ہٹا دیں۔

4 کرسی پر بیٹھ کر کرسی کے پچھلے حصے پر آرام کرنے کے لیے اپنے سر کو پیچھے کی طرف ٹکا دیں، یا بستر پر لیٹ جائیں اور اپنے سر کو پیچھے کی طرف جھکانے کے لیے کے لیے اپنی پُشت کی اوپری طرف کے نیچے تکیہ رکھیں۔





5 بوتل کے سرے کو احتیاط سے اپنے نتھنے کی طرف لے جائیں اور ہدایت کے مطابق اپنی ناک میں قطروں کی تعداد داخل کریں۔

! سرے کو اپنی ناک کی اندرونی سطح کو چھُونے نہ دیں کیونکہ اس سے بوتل آلودہ ہوجائے گی۔

6 اپنے سر کو تقریبا 2 منٹ تک پیچھے کی طرف جھکائیں رکھیں تاکہ دوا ناک کے اندر پھیل سکے۔

7 سرے کو نہ دھوئیں۔ بوتل پر ڈھکن واپس رکھیں۔